F-2

PAPER CODE: 3701

SET-Y

# URDU
## (New & Old Courses)
## Class-10th
## Session - Annual (Private) - 2014

*Time : 3 Hrs. + 15 minutes extra for reading* — *Maximum Marks : 100*

*Note:-* The questions in the question paper are based on revised and pre-revised syllabus marked as "New Course" and "Old Course" respectively and candidates are advised to appear in relevant course meant for them. Candidates who attempt the questions partly from "New Course" and partly from "Old Course" will not be awarded. Candidates are also advised to record "New Course" or "Old Course" as the case may be on the front page of the Answer-book.

## NEW COURSE

### (i) تفصیلی جواب طلب سوالات

سوال نمبر 1 درج ذیل اشارات کو غور سے پڑھنے کے بعد کسی ایک حصے کو عنوان کے ساتھ ۱۵۰ سے ۲۰۰ الفاظ پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے۔ 12

الف۔ بزرگوں نے کہا ہے کہ ایک ۔۔۔۔۔ صحت مند ہونا ضروری ہے۔ صحت مند جسم کے اوپر ہی ۔۔۔۔ ٹک سکتا ہے۔ یہ بات ۔۔۔۔۔ ہے۔ وہاں ۔۔۔۔ از حد ضروری ہے۔ بعض طالب علم کھیل کود کی ۔۔۔۔۔ دیتے ہیں اور ہر ۔۔۔۔ کتابی ۔۔۔۔ بنے رہتے ہیں۔ جس سے ۔۔۔۔۔ پر برا اثر پڑتا ہے۔ کسرت کے ۔۔۔۔ کھیل کود ضروری ہے۔

P. T. O.

ب۔ جس طرح مرد کے لئے تعلیم ـــــ اسی طرح عورت ــــ ایک
مرد کی تعلیم ـــــ ایک عورت کی تعلیم ـــــ ارشاد نبوی ـــــ اولین
درسگاہ ماں کی ـــــ قوم کو زیادہ سے زیادہ اچھی ـــــ عورتوں کو مذہبی
تعلیم ـــــ تعلیم نسواں اور متوازی غذا۔ پڑھی لکھی خواتین۔ ہر
بچوں کو ـــــ خواتین پڑھ لکھ کر گھر کو جنت ـــــ قوم کی خوشحالی ترقی
وکامرانی ـــــ تعلیم نسواں کے ذریعہ۔

ج۔ موجودہ دور ـــــ سائنسی دور ـــــ ترقی ہی ترقی ـــــ
طور طریقوں میں بدلاؤ ـــــ ہر جگہ سائنس کی ترقی کا بول
بالا ـــــ سٹلائٹ، ہوائی جہاز، سمندری جہاز، بجلی، پنکھے، ٹیلی ویژن، کمپیوٹر،
انٹرنیٹ گوناگوں ایجادات ـــــ سرجری زراعت، رسل و رسائل، آمد و
رفت مواصلات ہر لحاظ سے ترقی، رحمت ہی رحمت ـــــ اجرام فلکی اور
سمندروں کے راز ـــــ حیران کن ـــــ ساری دنیا چھوٹی
بستی ـــــ ایٹم بم ـــــ خطرناک ہتھیار تباہی ہی تباہی ـــــ
سائنسی ترقی کاش انسانی فلاح کے لیے ہی ہوتی۔

یا

اپنے اسکول کے سربراہ کے نام فیس معاف کرانے کے لئے درخواست لکھئے۔

**سوال نمبر 3** 8

الف۔ مولانا بہت ہی رقیق القلب تھے دوسرے کی تکلیف کو دیکھ کر بے چین ہو جاتے تھے اور جہاں تک اختیار میں ہوتا، اس کے رفع کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ حاجت مندوں کی حاجت روا کرنے میں بڑی فراخ دلی سے کام لیتے تھے۔ باوجود یہ کہ ان کی آمدنی قلیل تھی، لیکن اپنے پرائے خصوصاً مصیبت زدہ لوگوں کے ساتھ سلوک کرتے رہتے تھے۔ سفارشیں کر کے لوگوں کے کام نکالتے تھے۔

ب۔ ناموری کی مثال نہایت عمدہ خوشبو کی ہے۔ جب ہوشیاری اور سچائی سے ہماری واجب تعریف ہوتی ہے تو اس کا ویسا اثر ہوتا ہے جیسے عمدہ خوشبو کا۔ مگر جب کسی کمزور دماغ میں زبردستی سے وہ خوشبو ٹھونس دی جاتی ہے تو ایک تیز بو کی مانند دماغ کو پریشان کر دیتی ہے۔ فیاض آدمی کو بدنامی اور نیک نامی کا زیادہ خیال ہوتا ہے اور عالی ہمت طبیعت کی مناسب عزت اور تعریف سے ایسی ہی تقویت ہوتی ہے جیسے کہ غفلت اور حقارت سے پست ہمتی ہوتی ہے۔

سوال نمبر 4 "سیر چوتھے درویش کی" یا "عبرت" کا خلاصہ لکھئے۔ 7

یا

درج ذیل چار سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے۔

(i) خوشامد کو بدتر چیز کیوں کہا جاتا ہے؟

(ii) اقبال کی شاعری کے بنیادی فکری پہلو کیا ہیں؟

(iii) لکڑہارے نے "بورکا لڈو" کیوں مانگا؟

(vi) لڑکے کی ماں اور بہن کا کیا نام تھا؟

سوال نمبر 5 درج ذیل نثری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھئے۔ 6

(i) ڈراما (ii) افسانہ (iii) خاکہ

سوال نمبر 6 کسی ایک ادیب کے حالات زندگی یا ادبی کارناموں پر روشنی ڈالئے۔ 6

(i) خواجہ غلام السیدین (ii) سرسید احمد خان (iii) پریم چند۔

سوال نمبر7 درج ذیل اشعار میں سے صرف تین کی بحوالہ شاعر تشریح کیجئے۔ 7

الف۔ کہنے لگا کہ دیکھ کے چل راہ بے خبر
میں بھی کبھو کسی کا سر پر غرور تھا

ب۔ نہ گور سکندر نہ ہے قبر دارا
مٹے نامیوں کے نشاں کیسے کیسے

ج۔ کوئی امید بر نہیں آتی
کوئی صورت نظر نہیں آتی

د۔ کون سا وہ زخم دل تھا جو تر و تازہ نہ تھا
زندگی میں اتنے غم تھے جن کا اندازہ نہ تھا

ہ۔ کس طرح دیتا صدا مجھ کو پتہ یاد نہ تھا
یوں تو بستی میں نظر آئے کھلے در کتنے

و۔ اس روشنی کے شہر میں ظلمت کرے گی راج
مجھ کو یقین تھا نہ تجھے ہی گمان تھا

یا

دیئے گئے اجزائے کلام میں سے کسی ایک جز کا مفہوم شاعر اور صنف شعر کے عنوان سے لکھئے۔

الف۔ تکمہ کوئی گرا ہے مہتاب کی قبا کا
ذرہ ہے یا نمایاں سورج کے پیرہن میں
حسن قدیم کی یہ پوشیدہ اک جھلک تھی
لے آئی جس کو قدرت خلوت سے انجمن میں

ب۔ آغوش لحد میں جب کہ سونا ہوگا
جز خاک نہ تکیہ نہ بچھونا ہوگا
تنہائی میں آہ کون ہووے گا انیسؔ
ہم ہوں گے اور قبر کا کونا ہوگا

سوال نمبر 8 درج ذیل دو نامکمل اقتباسات کی مدد سے کسی ایک شاعر کے حالاتِ زندگی اور شاعرانہ خوبیاں تحریر کیجئے۔ 6

الف۔ آتش کا اصل نام وطن ۔۔۔۔۔۔ تھا۔ بچپن ۔۔۔۔۔۔ انتقال ہوگیا۔ جس کی ۔۔۔۔۔۔ تعلیم مکمل نہ

ہوسکی۔ ان کے کلام میں ۔۔۔۔۔۔ پڑھنے والے کو مسحور کردیتا ہے ۔۔۔۔۔۔ کئی باتیں مشترکہ

ہیں۔ آتش اور ۔۔۔۔۔۔ اثر بھی قبول کیا ہے ۔۔۔۔۔۔ مرتبہ سادگی اور سلاست میں۔

ب۔ شوکت علی خان نام ۔۔۔۔۔۔ فانی تخلص اختیار کیا۔ 13 ستمبر 1879ء میں ۔۔۔ پیدا ہوئے۔ فانی

نے ۔۔۔۔۔۔ تعلیم کتب میں حاصل کی ۔۔۔۔۔۔ ملازمت اختیار کی ۔۔۔۔۔۔ کامیابی نصیب نہ

ہوئی۔ بالآخر ۔۔۔۔۔۔ جہاں فانی کو الوداع کہا۔ فانی کو شاعری کا شوق بچپن ہی سے تھا۔

سوال نمبر 9 مندرجہ ذیل شعری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھئے۔ 6

(i) غزل (ii) مرثیہ (iii) نعت

## (II) مختصر جواب طلب سوالات

سوال نمبر 10

الف۔ دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کر کے عبارت مکمل کر کے لکھئے۔

P.T.O

الفاظ: حیران، رونے، مبارک، حوالے، دن، ساتھ، امانت، جمع۔

اقتباس: بادشاہ نے ___ کی طرف دیکھا اور کہا "شہزادے کو محل میں لیجا۔ خدا چاہے تو اس سال کے گزرنے سے اس کی ___ اس کے ___ کر دوں گا، خاطر ___ رکھے اور پڑھے لکھے۔ مبارک نے سلام کیا اور مجھے ___ لیا، محل میں پہنچا دیا۔ دو تین ___ کے بعد میں مبارک کے پاس گیا، مجھے دیکھتے ہی ___ لگا۔ میں ___ ہوا اور پوچھا کہ دادا خیر تو ہے۔ 4

ب۔ حمید کی شکل و صورت ہو بہو اپنے والے سے ملتی ہے۔ واہ واہ! کیا صورت پائی ہے۔ سبحان اللہ! ذہین بھی ہے۔ مگر تھوڑا کاہل ہے۔

اس جملے میں "ہو بہو"، "واہ واہ"، "سبحان اللہ" اور "مگر" کس قسم کے حروف ہیں؟ 4

ج۔ درج ذیل جملوں کی پڑھنے کے بعد خط کشیدہ الفاظ میں سے اسم صفت، اسم فاعل اور اسم مفعول کی نشاندہی کیجئے۔ 4

(i) قاتل بھاگ گیا (ii) کشمیری سیب مشہور ہیں

(iii) عبدالحق اچھا آدمی ہے۔ (vi) عرب کا شہزدہ کشمیر آیا۔

د۔ ترکیب نحوی کیجیے اور جملے کا نام بھی لکھیے۔

کلیم بیمار ہے (یا) احمد روٹی کھاتا ہے 4

سوال نمبر 11 الف۔ (i) نعت کی تعریف لکھیے۔

(ii) نصاب میں شامل نعت کی روشنی میں بتائیے "پیام آشتی کا" حضرت محمدؐ کس کتاب کی صورت میں اپنے ساتھ لائے؟ 3

ب۔ (i) نظم "مفلسی" کس شاعر نے لکھی ہے؟

(ii) مفلس کو ہر وقت کس چیز کی فکر رہتی ہے؟ 3

ج۔ (i) نصاب میں شامل نظم "اولوالعزمی" کس نے لکھی ہے؟

(ii) نظم کی روشنی میں بتائیے "باغ مُراد" سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ 3

## (III) نہایت ہی مختصر جواب طلب سوالات

سوال نمبر 12 الف۔ دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجیے کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔ 2

عزت۔ شرافت۔ قلم۔ چاند۔

ب۔ درج ذیل الفاظ میں سے صرف دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجیے کہ ان کا مطلب
واضح ہو جائے۔ 2

اعمال۔ عیب۔ فن۔ اقدام

ج۔ درج ذیل الفاظ میں سے صرف دو کی ضد لکھیے۔ 2

خوشی۔ خیانت۔ غلام۔ اُجالا

د۔ درج ذیل الفاظ میں سے دو کے جمع لکھیے۔ 2

فوج۔ خبر۔ وجہ۔ دوا

ہ۔ درج ذیل الفاظ کو ان کے معنی سے جوڑیے۔ (صرف دو) 2

| الفاظ | معنی |
| --- | --- |
| ازار بند | بنجر زمین کی کھیتی |
| اوسر کی کھیتی | کمر بند |
| بے لوث | سُندر |
| خالص | خوبصورت |

**OLD COURSE**

(I) تفصیلی جواب طلب سوالات

سوال نمبر 1 درج ذیل اشارات کو غور سے پڑھنے کے بعد کسی ایک حصے کو عنوان کے ساتھ ۱۵۰ سے ۲۰۰ الفاظ پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجیے۔ 12

الف۔ وقت کی ---- ہر انسان کے لیے ضروری ہے ---- جو لوگ ---- کی پابندی نہیں کرتے وہ ---- میں کامیاب نہیں ہوتے۔ گزرا ہوا ---- دوبارہ نہیں آتا۔ نماز بھی ---- سکھاتی ہے۔ وقت کی ---- کرنا سیکھو۔ اگر تمہیں زندگی میں ---- ہونا ہے۔

ب۔ یوں تو ---- سو دواؤں کی ایک دوا ہے۔ ہمارے لئے ---- بہت ضروری ہے ---- قسم کی ورزش ہے۔ صبح کی سیر زیادہ ---- رفتاری سے نہیں کرنی چاہیے ---- میں گھاس پر ---- ننگے پاؤں چلنا بہت اچھا ہوتا ہے ---- تازگی سارا دن محسوس کرتا ہے

-----چڑیوں کا چہچہانا بہت بلا لگتا ہے۔

ج۔ کرسمس کا تہوار-----دسمبر میں منایا جاتا ہے۔ کرسمس-----عیسائی لوگ-----
مناتے ہیں۔ یہ تہوار دنیا بھر میں-----مناتے ہیں۔ گرجا گھروں -----دیا کی جاتی
ہے اور-----کو سجایا جاتا ہے-----بڑی دھوم دھام سے مناتے ہیں اور آپس-----
تحفے دیتے ہیں اور-----تقسیم ہوتی ہیں۔

**سوال نمبر2** اپنے اسکول کے سربراہ کے نام ایک ہفتہ کی رخصت کی درخواست لکھیں کیونکہ آپ اپنے چچا کی شادی پر گھر جارہے ہیں۔ 8

**یا**

کتب فروش کے نام خط لکھئے جس میں اسے چند ضروری کتابیں ارسال کرنے کی استدعا کی گئی ہو۔

**یا**

چیئرمین میونسپلٹی کے نام ایک شکایتی درخواست لکھئے کہ آپ کی گلی کا خاکروب ٹھیک ڈھنگ سے کام نہیں کرتا ہے۔

سوال نمبر 3 دیئے گئے اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو سلیس اردو میں لکھئے۔ مضمون اور مصنف کا حوالہ بھی دیجئے۔ 8

الف۔ نعیمہ کو خالہ کا گھر ایک نئی دنیا معلوم ہوتا تھا، اگر ابتداءً وہ یہاں کے اوضاع کو حقارت سے دیکھتی تھی لیکن جوں جوں وہ دستورات سے مانوس ہوتی گئی، ان کی عمدگی اور بہتری اس کے ذہن میں بیٹھ گئی۔ آخر اس کو ثابت ہوا کہ بے دین زندگی محض ایک بے اطمینان بے سہارا زندگی ہے۔ اگر رنج وایذا ہے تو کوئی وجہ تسلی کوئی ذریعہ تشفی نہیں اور اگر آرام خوشی ہے، اس کو ثبات وقرار نہیں۔

ب۔ یہ لوگ تین دن اجودھیا میں رہے۔ کسی بات کی تکلیف نہ ہوئی۔ کرپاشنکر نے خاطر مدارت میں کوئی بات اٹھا نہ رکھی۔ تیسرے دن یہ لوگ چلنے لگے تو وہ اسٹیشن تک پہنچانے آیا۔ جب گاڑی نے سیٹی دی تو اس نے آنکھوں میں آنسوں بھرے ہوئے پنڈت جی کے قدم چھوئے اور کہا: کبھی کبھی مجھے یاد کیا کیجئے گا۔ پنڈت جی گھر پہنچے تو ان کے مزاج میں تغیر ہو گیا تھا۔

سوال نمبر 4 درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 7

(i) مچھر (ii) بور کے لڈو

یا

درج ذیل چار سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے

(i) جب شہزادہ مبارک کے ساتھ ملک صادق کے پاس گیا تو ملک صادق نے شہزادے کو کیا کہا؟

(ii) راہ راست پر آنے سے پہلے نعیمہ کے گھر کا ماحول کیسا تھا اور کلیم کون تھا؟

(iii) بوڑھے کے نزدیک سب سے بڑی دولت کیا تھی؟

(vi) تہذیب سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 5 درج ذیل نثری اصناف میں سے کسی ایک پر روشنی ڈالئے۔ 6

(i) داستان (ii) ناول (iii) خاکہ

سوال نمبر 6 کسی ایک ادیب کے حالاتِ زندگی یا ادبی کارناموں پر روشنی ڈالئے۔ 6

(i) سرسید احمد خان

(ii) خواجہ حسن نظامی

(iii) میر امن

سوال نمبر 7 درج ذیل اشعار میں سے صرف تین کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے۔ 6

الف۔ کام اپنا تو ہرگز نہ بتاں سے نکلا
کہیں نکلا بھی تو ہاں آہ و فغاں سے نکلا

ب۔ میرے سلیقے سے نبھی میری محبت
تمام عمر میں ناکامیوں سے کام لیا

ج۔ شمع کی مانند ہم اس بزم میں
چشم تر آئے تھے، دامن تر چلے

د۔ نسیم بھی ترے کوچے میں اور صبا بھی ہے
ہماری خاک سے دیکھو تو کچھ رہا بھی ہے؟

ہ۔ ہر سحر، شوخ کی نگہ کی شراب
مجھ انکھیاں کا خمار کھوتی ہے

مفلسی سب بہار کھوتی ہے

مرد کا اعتبار کھوتی ہے

سوال نمبر8 درج ذیل دو نامکمل اقتباسات میں سے کسی ایک کو مکمل کیجئے۔ 5

الف۔ آتش کا اصل وطن ------تھا۔ بچپن ہی میں ان کے والد------ہو گیا۔ جس کی بنا ران کی تعلیم نامکمل-----لیکن ان کی شاعرانہ صلاحیت نے-----جلد ہی نواب محمد تقی خان ترقی کے دربار تک -----ان کا لہجہ بلند ہے -----کو بھی بڑی------سے کہتے ہیں۔ دبستان لکھنؤ کے شعرا میں آتش کا ----- اور -----ہے۔

ب۔ مومن-----میں پیدا ہوئے۔ والد کا نام-----کشمیر تھا-----خاندنی پیشہ-----تھا۔ رُباعی اور-----میں بھی بہت-----حاصل تھی۔ مومن کی شاعری-----لیکن -----کی حامل ہے۔ انہوں نے-----خوبی سے نبھایا۔

سوال نمبر9 کسی ایک شعری اصناف پر نوٹ لکھئے۔ 5

(i) نظم (ii) قصیدہ (iii) غزل

## (II) مختصر جواب طلب سوالات

سوال نمبر 10

دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

الف۔

الفاظ: صندوق۔ ملائمت۔ غصے۔ پھنسے

جگ۔ مضبوط۔ نکلتے۔ قوی ہیکل

اقتباس: ٹھاکر صاحب۔۔۔۔۔۔سے لال ہورہے تھے، مگر اس وقت بُرے۔۔۔۔۔تو

حالانکہ وہ۔۔۔۔۔دیکھ کر۔۔۔۔۔۔سے بولے، تم ہی اٹھ جاؤ۔۔۔۔۔بیچ پر رکھا ہے، اسے

نیچے رکھدو، بس۔۔۔۔۔ہو جائے گی۔ 4

ب۔ عاصمہ ہو بہو اپنے باپ کی طرح محنتی ہے۔ ماشاءاللہ کتنی اچھی اور شریف لڑکی ہے۔ واہ واہ اس

نے اس سال امتحان میں کمال کیا۔ جبکہ اس نے سال بھر خوب محنت کی۔ ان جملوں میں

''ہو بہو''، ''ماشاءاللہ''، ''واہ واہ'' اور ''جبکہ'' کس قسم کے حروف ہیں؟ 4

ج۔ درج ذیل جملوں کے خط کشیدہ الفاظ میں سے اسم فاعل، اسم مفعول اور اسم صفت چن

لیجیے۔ 4

(i)غریب کی آہ سے بچو(ii)ہانڈی بدنام چوہے(iii)اچھی صحبت اختیار کرو

(vi)درزی کپڑے سی رہا ہے۔

د۔ ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے۔

مکھن عقل مند ہے(یا)لطیف نے کتے کو مارا۔ 4

سوال نمبر 11 3

الف۔ اقبال کی نظم "ایک آرزو" کو ذہن میں رکھتے ہوئے بتایئے کہ شاعر نے کن خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

ب۔ آپ کی نصابی کتاب میں پہلا مرثیہ کس شاعر کا ہے اور اس کا عنوان کیا ہے؟

ج۔ نظم "اولوالعزمی" میں شاعر نے نیکی اور بدی کا کیا تصور دیا ہے؟ اور "اولوالعزمی" کے کیا معنی ہیں؟

## (III) نہایت ہی مختصر جواب طلب سوالات

### سوال نمبر 12

الف۔ دیئے گئے الفاظ میں سے دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔ 2

سورج۔ زمین۔ گاڑی۔ چچا۔

ب۔ دیئے گئے الفاظ میں سے دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے۔ 2

فوائد۔ غریب۔ اموات۔ مشکل۔

ج۔ دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کی ضد لکھئے۔ 2

زمین۔ شادی۔ خوشی۔ ارض

د۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے دو کے جمع الجمع لکھئے۔ 2

فتح۔ امر۔ رسم۔ وجہ

ذ۔ درج ذیل الفاظ کو ان کے معنی سے جوڑیے۔ (صرف دو) 2

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| دغدغہ | سامنے |
| رو بہ رہ | کرسی |
| مہین | خدشہ |
| صندلی | باریک |

و۔ آپ کے نصاب میں قطعہ "نوکروں پر سخت گیری کرنے کا انجام" کس نے لکھا ہے؟ 2

(i) خواجہ الطاف حسین حالی

(ii) اکبر الہ آبادی